تبصرے

(۱) تفسیر سورہ کوثر صفحات ۱۲۰ قیمت ۴۹ نئے پیسے
(۲) تفسیر سورۂ اخلاص صفحات ۴۴ قیمت ۲۸ نئے پیسے
(۳) امثال آصف الحکیم صفحات ۷۹ قیمت ایک روپیہ چار آنے

از مولانا حمید الدین الفراہی رحمۃ اللہ علیہ۔ تقطیع خورد، اول الذکر دونوں کتابیں اردو میں ہیں۔ کتابت و طباعت بہتر۔ تیسری کتاب عربی میں ہے۔ ٹائپ جلی اور روشن۔

پتہ:۔ دائرہ حمیدیہ۔ مدرسۃ الاصلاح سرائمیر۔ اعظم گڑھ۔

پہلی کتاب سورہ کوثر کی تفسیر ہے۔ یہ سورۃ اگرچہ بہت مختصر ہے۔ لیکن اس میں بعض بڑے اہم حقائق بیان کئے گئے ہیں جن کا اسلام سے بہت گہرا تعلق ہے اور اس بناپر یہ سورۃ مفسرین کی خاص توجہ کا مرکز رہی ہے۔ چنانچہ مولانا نے بھی اس کی تفسیر اپنے خاص محققانہ اور مبصرانہ انداز میں بیان کی ہے۔ کوثر سے مراد کیا ہے؟ خانہ کعبہ کی روحانی حقیقت کیا ہے؟ قربانی کے اسرار و رموز کیا ہیں؟ دوسرے مذاہب اور کتبِ قدیمہ میں قربانی کی کیا اہمیت ہے اور نماز اور قربانی دونوں میں باہمی کیا تعلق ہے؟ پھر آیات باہمی ربط۔ اور سورۃ کا ماقبل سے تعلق اور اس کا عمود وغیرہ ان تمام مباحث پر فاضلانہ اور بصیرت افروز کلام کیا گیا ہے۔

دوسری کتاب جیسا کہ نام سے ظاہر ہے۔ سورۂ اخلاص کی تفسیر ہے۔ لیکن جیسا کہ دیباچہ میں ظاہر کردیا گیا ہے۔ یہ سورۃ کی مکمل، باضابطہ اور مرتب تفسیر نہیں ہے۔ بلکہ مولانا کی چند یادداشتوں اور مختلف قسم کے نوٹس کا مجموعہ ہے۔ اگرچہ ان یادداشتوں میں بعض بڑے کام کے علمی و تحقیقی نکات ملتے ہیں عام قارئین کے لئے استفادہ مشکل ہے۔ جو کچھ ہے بہت مختصر ہے۔ عبارت میں بے ربطی اور ناہموار